ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(409)

26.07.2023

**بہاولپور(            )ڈی پی اوسید محمد عباس کے احکامات پر سات محرم الحرام کو ضلع بھر میں منعقد 61 مجالس عزا اور برآمدہ 26 جلوس ہائے پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات،1800 سے زائد افسران و جوانوں نے ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں۔ڈیوٹی پر موجود افسران و جوان شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں،ڈی پی او**

تفصیل کے مطابق آئی جی پنجاب، آر پی او بہاولپور اور ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایات پر محرم الحرام میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے۔ سات محرم الحرام کو ضلع بھر میں 61 مجالس اور 26 جلوس برآمد ہوئے۔ جلوس و مجالس کی سیکیورٹی پر 1800 سے زائد پولیس اہلکار و وولنٹیرز نے ڈیوٹی سرانجام دی۔ شرکا کی سیکیورٹی کیلئے شرکت کرنے والوں کو تین سطحی چیکنگ کے عمل سے گزارا جا رہا ہے۔ گردونواح میں ڈولفن اسکواڈ، ایلیٹ فورس، ایگل اسکواڈ گشت پر مامور جبکہ سول پارچات میں سیکورٹی اہلکار فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ جلوس اور مجالس میں شامل ہونے والے شرکا کی مکمل تلاشی لی جا رہی ہے اور جلوس کے راستے میں شامل دیگر راستوں کو خاردار تاروں سے بند کیا۔ خواتین کی تلاشی کے لئے لیڈیز پولیس بھی موجود رہی۔ مجلس کے چاروں اطراف ڈیوٹی لگائی گئی۔ سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے سخت مانیٹرنگ کو یقینی بنایا گیا۔ تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو جلوس شروع ہونے سے پہلے روٹ کی سیکیورٹی چیک کرنے کی ہدایت کی گئی۔ جلوس کے راستے میں آنے والی بلند عمارتوں پر پولیس کے جوان مسلح مامور کئے گئے۔ پولیس کے ساتھ دیگر معاون ادارے اپنے فرائض سرانجام دینے میں مصروف ہیں۔ ڈی پی او بہاولپور نے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو سیکیورٹی انتظامات کی کڑی نگرانی اور ڈیوٹی پر موجود ملازمان کو ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کرنے کی ہدایت کی ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: سات محرم الحرام کو ضلع بھر میں منعقد 61 مجالس عزا اور 26 جلوس ہائے پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات، 1800 سے زائد آفیسران و اہلکاران الرٹ ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (410)

مورخہ 26.07.2023

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے 7 محرم الحرام کے حوالے سے ضلع بھر میں منعقد مجالس اور جلوسوں کا وزٹ کیا، محرم الحرام کے موقع پر جلوس اور مجالس کی سکیورٹی اولین ترجیح ہے، ڈیوٹی میں سستی ولا پرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے مختلف جلوسوں ومنعقد مجالس کا وزٹ کیا۔ اس دوران ڈی پی او نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ یوم عاشورہ کے دوران سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں، جاری کردہ سکیورٹی پلان پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ جلوسوں کی سی سی ٹی وی کیمرہ جات سے مانیٹرنگ کی جائے۔ جلوس میں شامل ہونے والوں کی میٹل ڈیٹکٹر سے مکمل تلاشی لی جائے، واک تھرو گیٹ کے ذریعے جلوسوں اور مجالس میں داخل ہونے دیا جائے۔ ملکی حالات کے پیش نظر اپنے اردگرد مشکوک اشخاص اور مشکوک حرکات وسکنات پر کڑی نظر رکھتے ہوئے اپنی ڈیوٹی چاک و چوبند اور احسن طریقے سے سرانجام دیں۔ جلوس کے دوران کسی بھی اجنبی شخص کو بغیر شناخت کے جلوس ہائے میں داخل ہونے سے روکا جائے۔ جلوس اور مجالس میں خواتین کی تلاشی بذریعہ لیڈی پولیس اہلکاران لی جائے۔ جلوس اور مجالس کے آغاز سے قبل سپیشل برانچ کے عملہ سے سویپنگ کروائی جائے۔ جلوسوں میں شامل ہونے والے راستوں کو خاردار تاروں سے سیل کیا جائے۔ جلوس کے راستوں کے ساتھ بلند عمارتوں پر پولیس کے ماہر نشانہ باز مامور کئے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈیوٹی پر مامور ملازمان کو ڈیوٹی شروع ہونے سے پہلے چیک کر کے بریف کریں گے اور ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں آگاہ کریں۔ ڈیوٹی میں سستی ولا پرواہی برداشت نہیں کی جائیگی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**